© rasailojaraid.com






**مبصر: حافظ اخلاق احمد**

● **نام کتاب: قادیانیوں کا کفر کے اندھیروں سے اسلام کی روشنیوں تک** **مرتب: مولانا مفتی عظمت اللہ سعدیؒ**
**ناشر: ادارہ تحقیقات اسلامیہ جامعہ عظمۃ المدارس العربیہ جدید منجل بنوں خیبر پختونخواہ (پاکستان)**

مسلمان ہونا اللہ کی اتنی بڑی نعمت ہے کہ اس کے مقابلے میں دنیا جہاں کی تمام نعمتیں ہیچ اور بے حیثیت ہیں، اسلام کتنی بڑی عظیم نعمت ہے اس کا احساس، یہودیت، عیسائیت، ہندومت اور قادیانیت سے توبہ تائب ہو کر اسلام لانے والوں کے حالات پڑھ کر ہوتا ہے۔ لیکن اسلام مکمل صورت اختیار کرنا جتنا مشکل ہے اس سے کہیں دشوار اپنے آبائی مذہب کو ترک کر کے اسلام کی آغوش میں آنا ہے۔ یہ کام انھیں لوگوں کا ہے جن کے حوصلے بلند اور ہمتیں غیر متزلزل ہوتی ہیں، اہل عزیمت کا یہ قافلہ قابل صد مبارک باد اور قابل تحسین ہے۔ زیر تبصرہ کتاب ایسے ہی سابق قادیانی اور سابق ہندوؤں کی آپ بیتیوں اور ایمان افروز واقعات پر مشتمل ہے۔

● **نام کتاب: اَلْکلامُ الْفَصِیحُ فِی اِثْبَاتِ حَیَاۃِ الْمسِیحِ** **مصنف: محمد سیف الرحمٰن قاسم** **ناشر: درج نہیں**

سیدنا علیہ السلام کو زندہ آسمان پر اٹھانے اور پھر قرب قیامت ان کے نزول کا عقیدہ قرآن مجید اور صحیح احادیث سے ثابت ہے، امت مسلمہ حیات مسیح علیہ السلام پر ہر دور میں متفق رہی ہے لیکن مرزا قادیانی نے خود کو مسیح کہلوانے کے لیے قرآن مجید سے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی وفات کا عقیدہ اور ان کی قبر کے متعلق من پسند قصے گھڑتے ہوئے خود ساختہ عقلی دلائل کا سہارا لے کر مسئلہ حیات مسیح علیہ السلام پر امت میں انتشار پیدا کرنے کی کوشش کی۔ پیش نظر کتاب عقیدہ حیات مسیح علیہ السلام پر ایک خوبصورت کاوش ہے جس میں مصنف نے مرزائیوں کے مشہور اعتراضات کے مدلل جوابات دیے ہیں اور آخر میں مرزائیوں سے چند سوالات بھی کیے ہیں جن کا مرزائیوں کے پاس کوئی جواب نہیں ہے۔

● **نام کتاب: قرض کے فضائل، مسائل اور احکام** **مؤلف: حضرت مولانا منور حسین سورتی**
**ناشر: القاسم اکیڈمی، جامعہ ابوہریرہ خالق آباد نوشہرہ**

بسا اوقات انسان اپنے وسائل سے اپنی ضروریات یا اپنے کاروباری منصوبے پورے نہیں کر سکتا ایسے حالات میں انسان کو قرض کی ضرورت پڑتی ہے جس میں ایک مسلمان کی ذمہ داری بنتی ہے کہ وہ اپنے پریشان حال بھائی کی حسبِ حیثیت مدد کرے۔ زیر نظر کتاب ''قرض کے فضائل، مسائل اور احکام'' اسی ضرورت کو مدنظر رکھتے ہوئے مرتب کی گئی ہے جس میں قرض دینے کے فضائل، قرض لیتے وقت حسن نیت اور قرض کی ادائیگی نہ کرنے پر وعیدیں وغیرہ۔ باتوں کو وضاحت کے ساتھ بیان کیا گیا ہے۔ اس کتاب میں معاشرت اور معاملات کی بھی بہت سی صورتیں ہیں جن پر عمل کر کے انسان فلاح و کامیاب ہو سکتا ہے۔

● **نام کتاب: احقاق الحقائق (عقیدہ حیات الانبیاء اور اس کے دلائل)** **مؤلف: مولانا محمد عبدالحمید تونسوی**
**ضخامت: ۴۰۸ صفحات** **ناشر: مرکز رُحماء بینھم جامع مسجد صدیقیہ تنظیم اہل سنت ابدالی روڈ چوک نواں شہر، ملتان**

جس طرح شہداء کی حیات پر صحیح احادیث دلالت کرتی ہیں اسی طرح انبیاء کی حیات پر بھی صحیح احادیث دلالت کرتی ہیں،



© rasailojaraid.com